© rasailojaraid.com



آئے ہوئے تھے رات کو والد صاحب نے عشائیہ کا اہتمام کیا اور اس میں بلوچستان کے صوبائی خطیب مولانا انوار الحق حقانی، قاری محمد حمزہ ملوک، مولانا محمد وقاص، محمد اسامہ، مسلم لیگ (ن) کے سابق صوبائی نائب صدر نظام خان اچکزی، اخلاق شاہ ایڈووکیٹ، میر محمد اسلم رِند، پشتون خواہ ملی عوامی وطن کے صوبائی رہنما محمد صدیق قریشی اور دیگر حضرات نے شرکت کی اور دیر تک دینی و قومی سیاست کے حوالے سے دلچسپ اور معلوماتی گفتگو ہوتی رہی اگلے روز 27 رفروری کو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری حاجی تاج دین صاحب چیمہ صاحب سے ملاقات کے لئے تشریف لائے اور پھر انُہوں نے دفاع پاکستان کونسل کی اے پی سی میں شرکت کی، جہاں مختلف رہنماؤں سے ملاقات اور تبادلہ خیال ہوا اے پی سی میں انہوں نے مجلس احرار اسلام کی نمائندگی کرتے ہوئے بلوچستان کی صورتحال کا تجزیہ کیا اور کہا کہ بلوچوں کی حقیقی نمائندگی کے بغیر یہ ایجنڈا آگے نہیں بڑھ سکتا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو پاکستان سے الگ کرنے کی بات سب سے پہلے آنجہانی قادیانی مرزا بشیر الدین محمود نے کی تھی انہوں نے دفاع پاکستان کونسل کی قیادت سے درخواست کی کہ وہ وطن عزیز کے خلاف قادیانی ریشہ دوانیوں پر بھی نظر رکھیں، رات کو مولانا محمد وقاص اور محمد اسامہ کے والد گرامی جناب عبداللہ فاروقی نے چیمہ صاحب کے اعزز میں عشائیہ کا اہتمام کیا، 29 رفروری کو وہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے دفتر تشریف لے گئے اور مجلس کے مقامی رہنماؤں سے ملاقات و تبادلہ خیال کرنے کے بعد روزنامہ "جنگ" کوئٹہ کے دفتر گئے جہاں والد صاحب نے جنگ کوئٹہ کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر اور دیگر سٹاف سے ملاقات کرائی مغرب کے بعد ہم نے کوئٹہ ائیر پورٹ پر اُنہیں لاہور کے لئے رخصت کیا۔

## مسافرانِ آخرت

☆ جماعت اسلامی پاکستان کے سیکرٹری جنزل لیاقت بلوچ کی والدہ ماجدہ ۱۹ر مارچ کو لاہور میں انتقال کر گئیں۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنزل عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، میاں محمد اویس اور قاری محمد یوسف احرار نے جناب لیاقت بلوچ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی اور لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے عزیز معاونین محمد آصف، محمد کاشف اور محمد عاطف (بلاک نمبر 12) کے والد گرامی اور بورے والا جماعت کے ناظم جناب محمد نوید طاہر کے خالو سُسر فاروق احمد 14 رمارچ کو انتقال فرما گئے

☆ مجلس احرارِ اسلام کراچی کے نائب امیر قاری علی شیر صاحب کی والدہ ماجدہ 13 رمارچ کو گڑھا موڑ میں انتقال فرما گئیں۔

☆ تحریک طلباء اسلام ملتان کے رہنما محمد فرحان الحق حقانی کی خالہ، انتقال ۱۸ر مارچ ۲۰۱۲ء

☆ مجلس احرار اسلام راولپنڈی کے نائب امیر جناب خالد کھوکھر صاحب کی اہلیہ، انتقال ۲۶ر مارچ ۲۰۱۲ء

☆ چودھری محمد عباس مرحوم، مدرسہ محمودیہ معمورہ، ضلع گجرات کے معاون گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کا اہتمام کریں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## دعائے صحت

جناب عبداللطیف خالد چیمہ اور جناب ڈاکٹر محمد اعظم چیمہ کے ماموں اور ہمارے معاون جناب محمد احسان چیمہ (لاہور) علیل ہیں اُن کا مُہرے کا آپریشن ہوا ہے، قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے



© rasailojaraid.com